من كان يريد حرث الدنيا نؤته منها وما له في الآخرة من نصيب
اقرأ بما تيسر معك من القرآن
لا صلوة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب
البرهان العجاب
على
فرضية أم الكتاب
من تصنيف عالم اجل فاضل اكمل جامع المعقول والمنقول فخر المتاخرين رئيس
المقبرات والمحدثين مولانا الشهير محمد بشير السهسواني ادام الله مجده
در مطبع فیض واقع دهلی مطبوع گردید
صفحہ ۱۲۹ سے بعد کو مطبع فیض میں طبع ہوئی

وَمَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ نَصِيبٍ

اقرءوا ما تيسر معك من القرآن

لا صلوٰة لمن لم يقرء بفاتحة الكتاب

البرهان على فرضية ام الكتاب

من تصنیف عالم اجل فاضل اکمل جامع المعقول والمنقول فخر المتاخرین رئیس الفقهاء والمحدثین مولانا الشهیر محمد بشیر السهسوانی ادام الله مجده۔

در مطبع محمدی واقع دہلی مطبوع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ۔ اَمَّا بَعْدُ ظاہر ہے حق تعالیٰ نے بفحوائے وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا کے روز ازل سے فطرت انسانی میں مادہ علم و تحقیق رکھا ہے اور جہل و تقلید کو بالطبع انسان قبیح سمجھتا ہے اور دین اسلام بھی یہی سکھاتا ہے اور حق تعالیٰ کے فضل و رحمت سے اپنے زمانہ میں ہم لوگ واقع ہیں جس میں تحقیق کا کما ینبغی موقع ملتا ہے اس لئے اکثر طبائع فی زماننا متوجہ تحقیق کی طرف رہتی ہیں۔ لہذا بہت حضرات نے اس عاجز سے سوال کیا کہ ہم سورہ فاتحہ خلف الامام پڑھنے میں بہت متردد ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ بغیر اس کے نماز ہی نہیں ہوتی ہے کوئی کہتا ہے کہ پڑھنے والے کے منہ میں پتھر۔ آگ۔ چنگاری۔ مٹی۔ گندگی۔ بھری جائے گی۔ اگر اس کی تحقیق ترجمہ سورۂ فاتحہ میں کر دی جاوے تو بہت فائدہ ہوگا۔ چنانچہ اسی بنا پر چند روز ترجمہ میں اس کا بیان کیا گیا اور اہل انصاف و تحقیق نے اس کو بہت پسند کیا مگر یہ کہا کہ ان سب مضامین کا یاد رہنا مشکل ہے اگر بصورت رسالہ یہ مضامین قلمبند ہو جاویں تو نفع اس کا عام و پائیدار ہو جائے گا۔ اس لئے یہ مختصر رسالہ لکھا گیا اس میں صرف دو مسئلوں کا بیان مقصود ہے۔ اوّل یہ کہ جیسا کہ امام و منفرد پر مطلق قراءۃ فرض ہے ایسا ہی مقتدی پر۔ دوم یہ کہ امام و منفرد و مقتدی سب پر سورہ فاتحہ کی قراءۃ بھی فرض ہے اور مطلق قراءۃ کی فرضیت اور سورۂ فاتحہ کی قراءۃ کی فرضیت میں کچھ منافات و تعارض نہیں ہے۔ مسئلہ اولیٰ کے چند ادلہ ہیں۔ **دلیل پہلی** یہ آیت سورۂ مزمل کی ہے فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۔ بیان اس کا یہ ہے کہ اہل علم کی ایک جماعت نے

کہ اُن ہی میں سے علماء حنفیہ بھی ہیں فرضیت قراءۃ پر اسی آیت سے استدلال کیاہے اور یہ آیت بالطلاقہا جیسا کہ فرضیت قرأۃ پر امام و منفرد کے حق میں دلالت کرتی ہے اسی طرح فرضیت قراءۃ پر مقتدی کے حق میں بھی دلالت کرتی ہے۔ من غیر فرقٍ حال اس آیت کا بعینہا حال آیات وَارْكَعُوا وَاسْجُدُوا و وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ و وَقُومُوا لِلّٰهِ قَانِتِينَ کا ہے ابن الہمام نے فتح القدیر میں لکھا ہے قولہٗ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ و وَقُومُوا لِلّٰهِ قَانِتِينَ وَاقْرَءُوا وَارْكَعُوا وَاسْجُدُوا والامر۔ وَ مقتضاہ الافتراض ولم تفرض خارج الصلوٰۃ فوجب أن يراد بها الافتراض[1] الواقع فی الصلوٰۃ اعمالا للنصوص فی حقيقتها حيث امكن (انتہٰی) اس دلیل میں اگرچہ وہ کلام ہے جس کا انشاء اللہ تعالیٰ ابھی ذکر کیا جائے گا مگر میں نے اس کو مقدم کیا دو سبب سے اوّل اس لئے کہ یہ دلیل کتاب اللہ کی ہے اور کتاب اللہ مقدم ہے اور ادلہ پر دوسرے اسلئے کہ مقصود اصلی تحریر مختصر ہذا سے اپنے حنفی بھائیوں کا سمجھانا ہے اور اُن کا سمجھانا اُن کے اصول مسلمہ ہوا ہوں ہے پس جو اُن میں سے انصاف والے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ وہ توضرور حق کو قبول کر ہی لینگے اور جو مجادل یا مکابر ہیں وہ ضرور عاجز آجائینگے اور اُن سے کچھ جواب بن نہ پڑے گا۔ یہ بھی ایک فائدہ عظمیٰ ہے۔ یہ آیت حنفیہ کے اصول مسلمہ پر واسطے اثبات فرضیت قراءۃ مقتدی کے دلیل قطعی ہے اور اس دلیل قطعی کا ناسخ یا مخصص کوئی پایا نہیں گیا۔ سوائے آیت کریمہ وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنْصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ کے اور علماء حنفیہ نے اسکی تصریح کی ہے کہ یہ آیت ناسخ نہیں ہے تلویح باب المعارضہ والترجیح میں ہے۔ مثال المصير الى السنة عند تعارض الايتين۔ قولہ تعالیٰ۔ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ۔ وقولہ تعالیٰ۔ وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنْصِتُوا۔ تعارضا فصرنا الى قول النبی صلعم۔ مَنْ كَانَ لَهُ اِمَامٌ فَقِرَاءَةُ الْاِمَامِ لَهُ قِرَاءَةٌ[2]۔ (انتہٰی) وہکذا فی غیرہ من کتب الاصول اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ حنفیہ کے نزدیک آیت۔ وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ۔ ناسخ آیت فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ کی نہیں ہے ورنہ رجوع الی السنۃ کی کیا حاجت تھی کیونکہ بر تقدیر نسخ منسوخ پر عمل نہیں کیا جاتا ہے اور ناسخ پر کیا جاتا ہے یہاں سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آیتین میں تعارض تھا ہے مگر نسخ نہیں ہے۔ اسکی وجہ نہیں ہے مگر یہی کہ نسخ کے لئے ضرور ہے اثبات تاخر ناسخ کا منسوخ سے اور یہاں ثابت نہیں اور ابن الہمام فتح القدیر میں لکھتے ہیں۔ فاذا صح[3] وجب ان يخصص عموم الاية والحديث على طريقة الخصم مطلقا فيخرج المقتدى وعلى طريقنا يخص ايضا لانها عام خص

---

[1] اذا ثابت ہوا فرضیت ہوا اور یہ احکام نماز سے خارج تو فرض ہوئے نہیں لہذا ضرور ہے کہ انسے یہی فرضیت مراد لیجائے جو نماز میں ہے تاکہ حتی الوسع نصوص شرعیہ کے حقیقی معنوں پر عمل ہو جائے تمام ہوئی عبارت ابن ہمام کی ۱۲

[2] دونوں باہم معارض ہوئے لہذا ہمنے حدیث کیطرف رجوع کیا جس شخص کیواسطے امام ہو تو امام کی قراءۃ اسی کی قراءۃ ہے ۱۲

[3] جب یہ حدیث صحیح ہو گئی تو عموم آیت اور حدیث دونوں کی تخصیص ہمارے مخالف کے قاعدہ کی بنا پر ضروری ہے لہذا مقتدی حکم فرضیت قراءۃ سے نکل جائیگا اور ہمارے قاعدہ کی بنا پر بھی تخصیص ہو گئی کیونکہ آیت عام مخصوص منہ البعض ہے اور وہ مدرک رکوع ہے اور یہ تخصیص اجماع سے ہوئی ہے۔ اب اس کی تخصیص حدیث مذکور سے درست ہے ۱۲

منہ البعض وھو المدرک فی الرکوع اجماعا وتخصیصہا بعدہ بالمقتدی بالحدیث المذکور (انتہٰے) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ آیت۔ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ منسوخ نہیں ہوئی ورنہ حدیث من کان لہ امام کو اُس کا مخصص ٹھیرانے کی کیا ضرورت تھی۔ رہیں احادیث مانند من کان لہ امام۔ اور مانند واذا اقرء فانصتوا وغیرہ کے پس وہ بھی اصول مسلمہ حنفیہ پر ناسخ و مخصص نہیں ہوسکتیں کیونکہ وہ سب خبر احاد ہیں اور خبر احاد ظنی ہوتی ہیں اور ظنی قطعی کا ناسخ و مخصص نہیں ہوسکتا ہے اس تقریر سے ثابت ہوا کہ اصول حنفیہ کے مواقف مقتدی کو خلف الامام قرأت فرض ہے اس تقریر کا جواب حنفیہ کے پاس مطلقاً نہیں ہے اور نہ قیامت تک دیسکتے ہیں اب ہم ذرا مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی مرحوم کی دیانت کو ملاحظہ فرمانا چاہتے ہیں کہ اُنہوں نے جب یہ دیکھا کہ بر تقدیر ناسخ نہ ہونے آیہ کریمہ۔ وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ کے سب ساختہ و پرداختہ حنفیہ کا باطل و ھَبَاءً مَّنثُورًا ہوجاتا ہے تو محض براہ تعصب مذہبی دیانت کو بالائے طاق رکھکر اور انصاف کو خیرباد کہکر خلاف سلف حنفیہ کے درپے اثبات نسخ ہوئے یہ سخت زلت اُن سے صادر ہوئی۔ اللہم انک عفو تحب العفو فاعف عنہ ہم مولوی صاحب مرحوم کے ساتھ بہت حسن ظن رکھتے ہیں اور اُن کو اکابر زمانہ سے جانتے ہیں ولیکن اظہار حق سے چارہ نہیں ہے۔ فان الحق اکبر امر اللہ ہم اُن کی دلیل نسخ کو پرکھتے ہیں مولوی صاحب رسالہ سبل الرشاد میں لکھتے ہیں۔ **الاولیٰ**۔ ما اخرجہ سعید بن منصور وابن ابی حاتم والبیہقی فی القراءۃ عن محمد بن کعب

پہلی حدیث وہ ہے جسکو روایت کیا سعید بن منصور اور ابن ابی حاتم اور بیہقی نے کتاب القراءۃ میں محمد بن

القرظی قال کان رسول اللہ صلعم اذا قرء فی الصلوٰۃ اجابہ من وراءہ اذا
کعب قرظی سے کہا کہتے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب پڑھتے قرآن نماز میں آپکے پیچھے صحابہ بھی پڑھتے جب
قال بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قالو مثل ذالک حتی تنقضے الفاتحۃ والسورۃ فلبث
فرماتے رسول اللہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم صحابہ کہتے مانند اسکے یہانتک کہ سورہ فاتحہ اور کوئی سورۃ پوری
ما شاء اللہ ان یلبث ثم نزلت واذا قری القران فاستمعوالہ فقرء وانصتوا
ہوتی پس ٹھہرے رہے رسول اللہ جسقدر اللہ نے چاہا ٹھہرنا۔ پھر یہ آیت نازل ہوئی۔ واذا قرآن آخر تک
والثانیۃ۔ ما اخرجہ ابن ابی حاتم وابوالشیخ وابن مردویہ والبیہقی
دوسری حدیث ابن ابی حاتم اور ابوالشیخ اور ابن مردویہ اور بیہقی کے

فی القراءة عن عبد اللہ بن مغفل رض انہ سئل اکل من سمع القران وجب علیہ الاستماع
بیچ قراءۃ قرآن کے عبد اللہ بن مغفل سے انہوں سے کسی نے سوال کیا کیا ہر شخص جو سنے قرآن تو واجب ہے اس پر سننا
قال لا انما نزلت ہذہ الایۃ فاستمعوا لہ وانصتوا فی قراءۃ الامام اذا قرأ
کہا نہیں سوا اس کے کوئی بات نہیں اتری یہ آیت فاستمعوا لہ وانصتوا بیچ قراءۃ قرآن کے جب پڑھے
الامام فاستمع لہ وانصت - والثالثۃ ما اخرجہ عبد بن حمید وابن جریر
امام پس سن تو اس کو اور چپ رہ تو - تیسری دلیل وہ جو روایت کی ہے عبد بن حمید اور ابن جریر
وابن ابی حاتم وابو الشیخ والبیہقی عن ابن مسعود انہ صلی باصحابہ فسمع
اور ابن ابی حاتم اور ابو الشیخ اور بیہقی نے ابن مسعود سے تحقیق انہوں نے نماز پڑھی اپنی
ناسا یقرءون مثلہ فلما انصرف قال اما ان لکم ان تفقہوا و
اصحاب کے ساتھ تو سنا لوگوں کو پڑھتے تھے پیچھے ان کے کہا انہوں نے کیا وقت نہیں آیا تم کو کہ سمجھو

اذا قرئ القران فاستمعوا لہ - (انتہی)	اور روایت اولی پر قصر کیا ہے اپنے
جب پڑھا جاوے قرآن پس سنو اس کو	رسالہ ہدایۃ المعتدی میں اور چونکہ ان

سب روایات کا خلاصہ امام الکلام رسالہ مولوی عبد الحی صاحب مرحوم ہے اور وہ اس باب میں
جامع ہے اس لئے اس کی بقیہ روایات کو جو دال ہیں اس پر کہ یہ آیت قراءۃ خلف الامام فی
الصلوۃ میں نازل ہوئی ہے اولاً نقل کرتے ہیں اور پھر انشاء اللہ تعالی اس میں بحث کرینگے
کہ ان روایات سے نسخ ثابت ہوتا ہے یا نہیں فنقول -
الرابعۃ ما اخرجہ ابن جریر وابن ابی حاتم وابو الشیخ وابن مردویہ والبیہقی
چوتھی دلیل وہ ہے جس کو ابن جریر اور ابن ابی حاتم اور ابو الشیخ اور ابن مردویہ اور بیہقی نے
فی کتاب القراءۃ وابن عساکر عن ابی ہریرۃ فی ہذہ الایۃ نزلت فی رفع
کتاب القراءۃ میں اور ابن عساکر نے ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے اس آیت کے بارہ میں روایت کی
الاصوات وہو خلف رسول اللہ صلعم فی الصلوۃ - الخامسۃ ما اخرجہ
ہے کہ یہ آیت رسول اللہ صلعم کے پیچھے آواز بلند کرنے کے بارے میں نازل ہوئی - پانچویں دلیل وہ ہے جسکو
ابن مردویہ والبیہقی فی القراءۃ عن ابن عباس قال صلی النبی صلعم فقرأ
ابن مردویہ اور بیہقی نے کتاب القراءۃ میں ابن عباس رض سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلعم نے نماز

قوم خلفہ فخلطوا علیہ فنزلت فہذا فی المکتوبة - السادسة - ما اخرجہ

پڑھی اور کچھ لوگوں نے آپکے پیچھے قراءة کی اِسطرح کہ آپکے اُوپر قراءة کو مخلوط کردیا اُسوقت چھٹی دلیل وہ ہے جس کو
یہ آیت نازل ہوئی اسوجہ سے یہ آیت فرضی نماز کے بارہ میں ہے -

عبد بن حمید وابن ابی حاتم والبیہقی فی سننہ عن مجاھد قال قرء رجل

عبد بن حمید اور ابن ابی حاتم اور بیہقی نے اپنی سنن میں مجاہد سے روایت کی ہے کہ اُنہوں نے کہا کہ ایک

خلف النبی صلعم فی الصلوٰة فانزلت واذا قری القران فاستمعوا لہ - السابعة

آدمی نے رسول اللہ صلعم کے پیچھے نماز میں قراءة کی اُسوقت میں آیت واذا قرء القرآن فاستمعوا لہ نازل کی گئی - ساتویں

ما اخرجہ ابن جریر والبیہقی فی القرأة عن الزھری قال نزلت ھذہ الاٰیة

دلیل وہ جسکو ابن جریر اور بیہقی نے کتاب القراءة زہری سے روایت کیا ہے اُنہوں نے کہا کہ یہ آیت

فی فتی من الانصار کان رسول اللہ صلعم کلما قرء شیا قرء فنزلت واذا قری

ایک انصاری جوان کے بارہ میں نازل ہوئی اُس کا حال یہ تھا کہ جب رسول اللہ صلعم کچھ پڑھتے تو وہ

القران فاستمعوا لہ - الثامنة - ما اخرجہ عبد بن حمید وابو الشیخ و

بھی پڑھتا اُسوقت میں نازل ہوئی آیت واذا قری القرآن فاستمعوا لہ - آٹھویں دلیل وہ اثر ہے جسکو عبد

البیہقی فی القراة عن ابی العالیة ان النبی صلعم کان اذا صلے باصحابہ فقرء

بن حمید اور ابو الشیخ اور بیہقی نے کتاب القراءة میں ابو العالیہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلعم

قرء اصحابہ فنزلت ھذہ الاٰیة فسکت القوم وقرء النبی صلعم - التاسعة

جب صحابہ کے ساتھ نماز پڑھتے اور قراءة کرتے تو صحابہ کرام بھی قراءة کرتے اسوقت یہ آیت نازل ہوئی

ما اخرجہ ابو الشیخ عن ابن عمر قال کانت بنو اسرائیل اذا قرأت ائمتہم جادلوھم

نویں دلیل وہ اثر ہے جسکو ابو الشیخ نے ابن عمر سے روایت کیا ہے کہ بنی اسرائیل کا یہ حال تھا کہ جب اُنکے

فکرہ اللہ ذلک لھذہ الامة فقال واذا قری القران - الاٰیة } پہلی روایت

امام قراءة کرتے تو وہ لوگ اُن سے مجادلہ کرتے لہذا اللہ نے اِس امت کیواسطے اس مجادلہ کو بُرا سمجھکر [۱] میں کلام

ہے بدو وجہ اوّل یہ کہ اِس کی پوری سند ذکر نہیں کی گئی اور نہ اس کے سب رجال کی توثیق

کی گئی اور نہ اتصال سند ثابت کیا گیا اور نہ کسی امام فن حدیث سے اِس کی تصحیح یا تحسین منقول

ہوئی اور نہ کسی ایسی کتاب کا حوالہ دیا گیا جس میں التزام صحت یا حسن ہو پھر کس طرح یہ روایت

قابل احتجاج تصور کیجاوے - دوم یہ کہ محمد بن کعب قرظی تابعی ہیں صحابی کا ذکر اُنہوں نے نہیں کیا

پس یہ حدیث مرسل ہوئی اور حدیث مرسل عند المحققین ضعیف ہوتی ہے - دوسری روایت

[۱] یہ حکم دیدیا کہ وقت قراءة قرآن کے خاموش رہو اور سنو ۱۲

ہیں تین کلام ہیں اوّل وہ جو روایت اولیٰ میں مذکور ہوا دوم اس کے سند میں ایک راوی ہشام بن زیاد ہے تقریب میں اُس کی نسبت متروک لکھا ہے میزان میں ہے ضعفہ احمد وغیرہ قال النسائی متروک قال ابن حبان یروی الموضوعات عن الثقات وقال ابو داؤد کان غیر ثقۃ وقال البخاری یتکلمون فیہ (انتہیٰ) سیوم عبداللہ بن مغفل سے اسکے خلاف روایت آئی ہے۔ جزء القرأۃ میں ہے۔ وقال حجاج ثنا حماد عن یحییٰ بن ابی اسحٰق عن عمر بن ابی حکیم النہدی عن عبداللہ بن مغفل انہ کان یقرأ

روایت ہے عبداللہ مغفل پڑھتے تھے ظہر

فی الظہر والعصر خلف الامام فی الاولیین بفاتحۃ الکتاب وسورتین وفی

اور عصر میں پیچھے امام کے دو پہلی رکعتوں میں سورہ فاتحہ اور دو سورہ اور

الاخریین بفاتحۃ الکتاب
پچھلی میں سورہ فاتحہ۔

تیسری روایت میں چند وجوہ سے کلام ہے۔ اوّل وہ جو روایت اولیٰ میں گزرا دوم عبداللہ بن مسعود سے اسکے خلاف بھی روایت آئی ہے جزء القرأۃ میں ہے حدثنا محمود قال ثنا البخاری قال وقال لنا اسمٰعیل بن ابان ثنا شریک عن اشعث بن ابی الشعثاء عن ابی مریم سمعت ابن مسعود یقرأ خلف الامام سیوم ایک راوی اِس میں بشیر بن جابر ہے اُس کی توثیق واجب ہے۔ چہارم ایک اور راوی اِس میں محاربی اُس کی تعیین اور توثیق چاہیے۔ ایک محاربی عبدالرحمٰن بن محمد بن زیاد ابو محمد الکوفی ہے تقریب میں ہے وکان یدلس قالہ احمد میزان میں ہے قال ابن معین یروی المناکیر عن المجہولین وقال ابو حاتم صدوق یروی عن مجہولین احادیث منکرۃ فیفسد حدیثہ بذالک وقال عبداللہ بن احمد بن حنبل عن ابیہ ان المحاربی کان یدلس (انتہیٰ) ملخصًا اور عنعنہ مدلس کا غیر مقبول ہے چوتھی روایت کی سند میں عبداللہ بن عامر واقع ہے وہ ضعیف ہے تخریج زیلعی میں ہے قال الدارقطنی وعبداللہ بن عامر ضعیف میزان میں ہے ضعفہ احمد والنسائی والدار قطنی وقال یحییٰ لیس بشئ وقال البخاری یتکلمون فی حفظہ وسُئل عنہ ابن المدینی فقال ذلک عندنا ضعیف مقل (انتہیٰ) تقریب میں ہے عبداللہ بن عامر الاسلمی ابو عامر المدنی ضعیف (انتہیٰ)۔ علاوہ اِسکے اِس روایت سے صرف منسوخیت رفع صوت خلف الامام کی ثابت ہوتی ہے اُس میں نزاع نہیں ہے نزاع ہی منسوخیت مطلق قرأۃ خلف الامام میں وہ ثابت نہیں ہوتی

ہے۔ پانچویں روایت میں بھی دو کلام ہیں اوّل وہی جو روایت اولیٰ میں مذکور ہوا دوم یہ کہ مراد یہاں قرأۃ سے قرأۃ برفع صوت ہے اور قرینہ اس پر لفظ فخالطوا علیہ ہے اور قرأۃ خلف الامام برفع صوت محل نزاع نہیں ہے۔ چھٹی روایت میں بھی دو کلام ہیں اوّل وہی جو روایت اولیٰ میں مذکور ہوا دوم یہ روایت مرسل ہے صحابی کا اس میں ذکر نہیں ہے والمرسل لیس بحجۃ۔ ساتویں روایت میں تین کلام ہیں اوّل یہ کہ اس کی سند میں اشعث بن سوار واقع ہے وہ ضعیف ہے تقریب میں ہے ضعیف میزان میں ہے اشعث بن سوار قال ابو زرعۃ لین وقال النسائی ضعیف وروی عباس عن یحیی ضعیف وقال ابن المثنی ما سمعت یحیی وعبد الرحمن یحدثان عن اشعث بن سوار لشیئ قط وقال ابن حبان فاحش الخطاء کثیر الوہم وقال الدارقطنی ضعیف (انتہے) دوم یہ حدیث مرسل ہے صحابی کا اس میں ذکر نہیں ہے سیوم اس میں راوی ابو السائب او حفص ہے اُن کی توثیق ذمہ مدعی کے ہے۔ آٹھویں روایت میں بھی دو کلام ہیں اوّل وہ جو روایت اولیٰ میں مذکور ہوا دوم یہ روایت بھی مرسل ہے۔ نویں روایت میں بھی دو کلام ہیں اوّل وہ جو روایت اولیٰ میں مذکور ہوا۔ دوم یہ کہ عبد اللہ بن عمر رضہ سے اس کے خلاف بھی مروی ہے بخاری جزء القرأۃ میں لکھتے ہیں حدثنا لنا ابو نعیم حدثنا الحسن بن ابی الحسناء حدثنا ابو العالیۃ فسألت ابن عمر بمکۃ اقرأ

ابو العالیہ کہتے ہیں میں نے سوال کیا ابن عمر کو کہ میں

فی الصلوٰت قال انی لاستحیی من رب ہذہ البنیۃ ان اصلی صلوٰۃ لا اقرأ

کیا پڑھوں میں نماز میں کہا عبد اللہ بن عمر نے تحقیق کہ میں البتہ شرماتا ہوں رب اس مکان کے سے یہ کہ

فیہا ولو بام الکتاب وقال عبد الرحمن بن عبد اللہ بن سعد الرازی انا ابی

نماز پڑھوں میں کوئی نماز کہ نہ پڑھوں میں اُسمیں قرآن اگرچہ ام القرآن ہو۔

جعفر بن یحیی البکاء سئل ابن عمر عن القراءۃ خلف الامام فقال ما کانوا یرون

سوال کی گئی عبد اللہ بن عمر پڑھنے قرآن سے پیچھے امام کے پس کہا عبد اللہ نے

باساً ان یقرأ بفاتحۃ الکتاب فی نفسہ (انتہے) } اور امام الکلام میں ہے۔ ابن عمر روی عنہ ترک

نہیں دیکھا اصحاب رسول اللہ صلعم کوئی طرح سورہ فاتحہ پڑہنے سے اپنے نفس میں

القراءۃ عند محمد ومالک والاجازۃ فی السریۃ فی روایۃ الطحاوی وعبد الرزاق (انتہے) یہاں سے کالشمس فی نصف النہار واضح ہوا کہ جسقدر روایات اس باب میں وارد ہوئی ہیں کہ آیت فاذا

قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا قراۃ خلف الامام فی الصلوٰۃ میں نازل ہوئی ہے سب بے اصل محض ہیں کوئی اِن میں سے درجہ صحت یا حسن کو نہیں پہونچی یہی وجہ ہے کہ محققین حنفیہ نے آیت فاذا قرئ القرآن کو ناسخ آیت فَاقْرَؤُا مَا تَيَسَّرَ من القرآن کا نہیں ٹھرایا جیسا کہ عبارت تلویح و فتح القدیر سے ظاہر ہوا اب ہم کہتے ہیں کہ قول بالنسخ باطل ہے بچند وجوہ **اول** یہ کہ آیت فَاقْرَؤُا مَا تَيَسَّرَ دلیل قطعی ہے اب اِسکے نسخ یعنی رفع کے لئے بھی نص قطعی چاہئے علم اصول میں ثابت ہوا ہے لا ینسخ المتواتر بالاحاد وینسخ بالمشهور والنسخ هو ان یرد دلیل شرعی متراخیا عن دلیل شرعی مقتضیا خلاف حکمه والمتواتر یوجب علم الیقین والمشهور یوجب علم طمانیة وهو علم تطمئن به النفس وتظنه یقینا لکن لو تامل حق التامل علم انه لیس بیقین اور آیت واذا قرئ القرآن فاستمعوا له اگرچہ متواتر و قطعی ہے مگر ناسخ ہونا اِسکا موقوف دو امر پر ہے ایک متراخی ہونا اِس آیت کا آیت فَاقْرَؤُا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ سے دوسرا مقتضی ہونا اِسکا اُسکے حکم کے خلاف کو یعنی متعارض ہونا اور دونوں کا ثبوت یعنے آیت سے غیر مسلم ہے اما عدم تسلیم ثبوت تراخی نفس آیت سے پس ظاہر ہے واما عدم تسلیم ثبوت تعارض آیتین نفس آیت سے پس اِس لئے ہے کہ ثبوت تعارض متوقف اِس پر ہے کہ آیت وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ میں خطاب مومن کی طرف ہو اور نفس آیت سے یہ امر بطور قطع ثابت نہیں ہوتا ہے محتمل ہے کہ مخاطب کفار ہوں۔ کما قال الفخر الرازی۔ ہاں روایات منقولہ سے البتہ ثابت ہوتا ہے اور وہ نہ متواتر ہیں نہ مشہور بلکہ اُن کا تو صحیح یا حسن ہونا بھی پایہ ثبوت کو نہیں پہونچا کما تقدم۔ دوم ناسخ نفس آیت ہے باعتبار عموم لفظ کے یا اُن روایات کو بھی نسخ میں دخل ہے یعنی اِن روایات نے آیت کو مقید بنا دیا ہے بتقدیر ثانی چند محذور لازم آتے ہیں اوّل یہ کہ قاعدہ مقررہ اصول کے خلاف ہے کہ العبرة لعموم اللفظ لا لخصوص السبب۔ دوم یہ روایات خبر احاد ظنّی ہیں اور تقیید قطعی کی ظنّی کے ساتھ موافق مذہب حنفیہ کے جایز نہیں ہے کیونکہ یہ زیادت علی الکتاب ہے اور زیادۃ علی الکتاب نسخ ہے اور نسخ قطعی کا ساتھ ظنی کے درست نہیں ہے سیوم اِس تقدیر پر مجموعہ آیت و روایات ناسخ ہوا اور آیت قطعی ہے اور روایات ظنّی پس ناسخ مرکب ہوا قطعی و ظنّی سے والمرکب من القطعی والظنی ظنّی کما ثبت فی مقرہ اور بر تقدیر اوّل بھی چند محذور لازم آتے ہیں کیونکہ آیت میں قید نہیں ہے کہ یہ قراۃ قرآن اور یہ استماع اور یہ انصات نماز میں ہو یا خارج نماز سے اور قاری امام ہو یا غیر امام اور مستمع مقتدی ہو یا غیر مقتدی اور یہ قرارۃ جہر سے ہو یا سر سے اوّل محذور یہ ہے کہ ایک شخص خارج نماز سے سراً قرآن پڑھ رہا ہے اور دیگر اشخاص قریب اُس کے بیٹھے [illegible] استماع اس قرآن کے جس کو خارج نماز سے ایک شخص

سرا پڑھ رہا ہے واجب ہو کیونکہ آیت میں قید نماز و جہر و امام و مقتدی کی نہیں ہے دوم یہ کہ ایک شخص خارج نماز سے سراً قرآن پڑھ رہا ہے اور دوسرا شخص اُس کے قریب منفرد نماز پڑھتا ہے تو چاہیئے کہ اس منفرد پر استماع و انصات واجب ہو۔ سیوم یہ کہ ایک شخص خارج نماز سے سراً قرآن پڑھ رہا ہے۔ اور اُسکے قریب ایک با جماعت نماز ہو رہی ہے تو چاہیئے کہ اس ساری جماعت پر یعنے امام و سب مقتدیوں پر استماع و انصات واجب ہو اور حال آنکہ یہ وجوب بالاجماع باطل ہے اگر کہا جاوے کہ اجماع اس عام کا مخصص ہے پس صور مذکورہ اُس سے مخصوص ہو گئیں تو جواب یہ ہے کہ اسوقت یہ آیت عام مخصوص منه البعض ہوئی اور عام مخصوص منه البعض ظنی ہوتا ہے اور آیۃ فَاقْرَؤُا مَا تَيَسَّرَ من القرآن قطعی۔ ہے اور ظنی قطعی کا ناسخ ہو نہیں سکتا اگر کہا جاوے کہ آیت فَاقْرَؤُا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآن بھی ظنی ہے کیونکہ مدرک رکوع بالاجماع اُس میں سے خاص کیا گیا ہے تو جواب یہ ہے کہ مدرک رکوع کا بالاجماع مخصوص ہونا غیر ثابت ہے جیسا کہ جزء القراءۃ و فتح الباری وغیرہما سے واضح ہے علاوہ اسکے اسوقت موافق اصول حنفیہ کے تخصیص اسکی خبر احاد سے ہو سکتی ہے تو حدیث لا صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب اور وہ احادیث جن میں تصریح اس امر کی ہے کہ مقتدی کو امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ پڑھنا چاہیئے مخصص اس آیت کی ہو جاویگی جب یہ احادیث مخصص آیۃ و اذا قری القرآن فاستمعوا له و انصتوا کی ہوئیں تو یہ آیت معارض نہ ہوئی آیۃ فاقرؤا ما تیسر من القرآن کی اور جب تعارض ہی نہیں تو نسخ کیسا وجہ سیوم وجوہ ابطال نسخ میں سے یہ ہے کہ مولوی رشید احمد صاحب مرحوم نے آیت و اذا قری القرآن فاستمعوا له و انصتوا کے متاخر ہونے پر آیت فاقرؤا ما تیسر من القرآن سے یہ دلیل لکھی ہے کہ حسب تحریر سیوطی کے اتقان میں اول سورۂ اقرا ثانیاً سورۂ نون ثالثاً ابتدا۔ سورۂ مزمل کا نزول ہے پھر بعد ایک سال کے حسب روایات حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ کے مکہ میں ہی آخر سورۂ مزمل کا نازل ہوا جسمیں فاقرؤا ما تیسر من القرآن ہے پس ایک مدت کے بعد سورۂ اعراف نازل ہوئی اور اُس میں آیت و اذا قری القرآن فاستمعوا له و انصتوا الخ نازل ہوئی تو اس سے قراءۃ مقتدی کی بالکل منسوخ ہو گئی اس میں کلام ہے بچند وجوہ اول یہ کہ اس کی سند میں عمر بن ہارون کذاب و متروک ہے میزان میں ہے قال ابن مهدی و احمد و النسائی متروک الحدیث و قال یحیی کذاب خبیث و قال علی و الدارقطنی ضعیف جدا و قال صالح جزرۃ کذاب انتہی ملخصاً تقریب میں ہے متروک انتہی اگر کہا جاوے کہ راوی اس میں عمرو بن ہارون بفتح العین ہے جیسا کہ نسخہ مطبوعہ مصر میں ہے نہ عمر بن ہارون بضم العین اور عمرو بن ہارون ثقہ ہے تو جواب یہ ہے کہ چند نسخوں مطبوعہ ہند میں عمر بن ہارون موجود ہے علاوہ اسکے دلیل روشن عمر بن ہارون

ہونے پر دو امر ہیں اوّل یہ کہ عمر بن ہارون خُراسانی ہے صرح بہ الذہبی فی التذکرۃ جیساکہ اِس کے اُوپر کے دو راوی بھی خُراسانی ہیں پس یہ روایت خُراسانی کی خُراسانیوں سے ہوئی بخلاف عمرو بن ہارون کے کہ وہ بصری ہے دوم عمر بن ہارون طبقہ تاسعہ سے ہے اور عمرو بن ہارون طبقہ عاشرہ سے اور اِسکے اُوپر کا راوی یعنی عثمان بن عطاء بن ابی مسلم طبقہ سابعہ سے اور اخذ تاسعہ کا سابعہ سے اقرب ہے بہ نسبت اخذ عاشرہ کے سابعہ سے سوائے اِسکے تعیین عمرو بن ہارون کی اور اثبات اُس کی توثیق کا ذمہ مدعی کے ہے وکفینا المنع اور قطع نظر اس سے اگر اِس مقام پر عمرو بن ہارون کا ہونا بھی تسلیم کر لیا جاوے تو بھی ضعف اِس اثر کا نہیں جاتا بسبب الوجوہ التی تذکر بعد انشاء اللہ تعالیٰ دوم اِس کی سند میں عثمان بن عطاء خُراسانی ہے تقریب میں ہے ضعیف کاشف میں ہے ضعفوہ میزان میں ہے ضعفہ مسلم ویحییٰ بن قطان والدارقطنی وقال ابن خزیمۃ لا احتج بہ سیوم اس کی سند میں عطاء بن ابی مسلم ابوعثمان خراسانی واقع ہے وہ مدلس ومرسل وضعیف ہے تقریب میں ہے یہم کثیرا ویرسل ویدلس انتہی میزان میں ہے ذکرہ العقیلی والبخاری وابن حبان فی الضعفاء چہارم روایت اُس کی بالخصوص ابن عباس سے مرسل ہے میزان میں ہے قال ابوداؤد ولم یدرک ابن عباس وقال الدارقطنی ثقۃ فی نفسہ الا انہ لم یلق ابن عباس فاما روایتہ عن ابن عباس وابن عمر وعبد اللہ بن السعدی وھذا الضرب فمرسلۃ فان الرجل کثیر الارسال انتہی ملخصا پنجم ایک سورۃ کا متاخر ہونا نزول میں دوسری سورۃ سے مستلزم اِس کو نہیں ہے کہ متاخر کی ہر آیت متقدم کی ہر آیت سے متاخر ہو کیونکہ ابن عباس سے اتقان میں روایت ہے قال کانت اذا نزلت فاتحۃ سورۃ بمکۃ کتبت بمکۃ ثم یزید اللہ فیھا ما یشاء اور نیز اتقان میں ہے لانہ لا یلزم من نزول آیۃ او آیات بمکۃ من سورۃ طویلۃ نزل معظمھا بالمدینۃ ان تکون مکیۃ اور نیز اتقان میں ہے قال البیھقی فی الدلائل فی بعض السور التی نزلت بمکۃ آیات نزلت بالمدینۃ فالحقت بھا وکذا قال ابن الحصار کل نوع من المکی والمدنی منہ آیات مستثناۃ قال الا ان من الناس من اعتمد فی الاستثناء علی الاجتھاد دون النقل وقال ابن حجر فی شرح البخاری قد اعتنیٰ بعض الائمۃ ببیان ما نزل من الآیات بالمدینۃ فی السور المکیۃ قال واما عکس ذلک وھو نزول شئ من سورۃ بمکۃ تأخر نزول تلک السورۃ الی المدینۃ فلم ارہ الا نادرا انتہی پس بموجب اِن عبارات کے ہوسکتا ہے کہ سورۂ مزمل باوجود اسکے کہ متقدم ہو سورۂ اعراف سے آیۃ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ جو سورۂ

مزمّل میں ہے بعد نزول آیت وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا کے نازل ہوئی ہو اور موئد اسکی
ہے یہ بات کہ اتقان میں لکھا ہے المزمل استثنے منہا قولہ ان ربک یعلم الی آخر السورۃ
حکاہ ابن الغرس انتہی اور تفسیر درمنثور میں ہے واخرج النحاس عن ابن عباس قال نزلت
سورۃ المزمل بمکۃ الا آیتین ان ربک یعلم انک تقوم ادنی اور اتقان میں بعد ذکر روایت
نحاس کے لکھا ہے ھکذا اخرجہ بطولہ واسنادہ جید رجالہ کلہم ثقات انتہی
اور تفسیر درمنثور میں ہے واخرج عبد بن حمید وابن جریر وابن ابی حاتم عن سعید بن
جبیر قال لما نزلت یاایہا المزمل قم اللیل الا قلیلا مکث النبی صلعم علی ھذہ
الحال عشر سنین وفیہ فانزل اللہ بعد عشر سنین ان ربک یعلم انک تقوم الی
قولہ فاقیموا الصلوۃ فخفف اللہ عنہم بعد عشر سنین (انتہی) اور حافظ ابن کثیر نے
بحوالہ ابن جریر وابن ابی حاتم اس روایت کو نقل کیا ہے اور کچھ اس میں کلام نہیں کیا۔ اگر
کہا جاوے کہ اتقان میں حکاہ ابن الغرس کے بعد مرقوم ہے ویردہ ما اخرجہ الحاکم
عن عائشہ انہ نزل بعد نزول صدر السورۃ بسنۃ وذلک حین فرض قیام
اللیل فی اوّل الاسلام قبل فرض الصلوات الخمس (انتہی) کہو نگا میں کہ حاکم کی
کیا تخصیص ہے امام احمد ومسلم وابوداؤد ونسائی ومحمد بن نصر وغیرہ نے بھی حدیث عائشہ رض کا
اخراج کیا ہے تفسیر درمنثور میں موجود ہے واخرج احمد ومسلم وابوداؤد والنسائی ومحمد بن نصر
فی کتاب الصلوۃ والبیہقی فی سننہ عن سعد بن ہشام قال قلت لعائشۃ انبئینی عن قیام رسول اللہ صلعم
قالت الست تقرأ ہذہ السورۃ یاایہا المزمل قلت بلی قالت فان اللہ قد افترض قیام اللیل فی اول
ہذہ السورۃ فقام رسول اللہ صلعم واصحابہ حولا حتی انتفخت اقدامہم وامسک اللہ خاتمتہا
فی السماء اثنا عشر شہرا ثم انزل اللہ التخفیف فی آخر ہذہ السورۃ فصار قیام اللیل تطوعا من بعد
فریضۃ (انتہی) مگر اس میں کلام ہے بدو وجہ اوّل یہ کہ حدیث المسیٔ فی صلاتہ کی جس کو ابوہریرہ رض
سے ائمہ ستہ نے روایت کیا ہے اور اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے اس میں یہ لفظ ہے۔ ثم اقرأ ما تیسر معک من القرآن
کہ ہم معنی ہے آیۃ فاقرؤا ما تیسر من القرآن کا مخالف ہے حدیث عائشہ کے کیونکہ واقعہ مسی فی صلاتہ
بالاتفاق مدنیہ کا واقعہ ہے اس سے صاف ظاہر ہوا کہ اس واقعہ تک حکم آیۃ فاقرؤا ما تیسر من القرآن
کا باقی تھا اور سورہ اعراف جس میں آیۃ واذا قرئ القرآن ہے بالاجماع مکی ہے پس معلوم
ہوا کہ آیت واذا قرئ القرآن ناسخ آیت فاقرؤا ما تیسر کی نہیں ہوئی۔ دوم یہ کہ اس سے صرف

مؤید کا رد ہوا اور مؤید کے رد سے وہ احتمال جو وجہ پنجم میں پیدا کیا گیا ہے باطل نہیں ہوتا۔ واذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال تنبیہ۔ بعض علماء حنفیہ نے جب دیکھا کہ آیت واذا قری القرآن کے مکی کہنے سے مطلب بالکلیہ فوت ہوتا ہے تو خلاف اجماع کافہ اہل علم کے یہ امر اختیار کیا کہ آیت واذا قری القرآن مدنی ہے اور اس امر کے اثبات کے لئے وہی روایات اسباب نزول جن کا ضعف اوپر ثابت کیا گیا ہے پیش کیں اور اس ذریعہ سے اپنی دیانت و علم کا پورا ثبوت دیدیا میں کہتا ہوں کہ یہ محض ہی اہل علم و تقویٰ کی شان سے نہایت مستبعد ہے۔ بچند وجوہ اول یہ کہ جب وہ روایات ہی ضعیف و بے اصل ہیں تو یہ بناء فاسد علی الفاسد ہوئی اور یہی وجہ ہے کہ محققین حنفیہ قائل نسخ کے نہیں ہوئے کیونکہ اس کے اثبات کے لئے توجیہات باردہ رکیکہ کا ارتکاب والتزام لازم آتا ہے۔ دوم یہ سب اخبار احاد ہیں و اخبار احاد مفید قطع و یقین کو نہیں ہوتے ہیں جس کی نسخ میں ضرورت ہے۔ سیوم بر تقدیر تسلیم اس امر کے کہ آیت واذا قری القرآن مدنی ہے نیز مدعی کہ نسخ ہے حاصل نہیں ہوتا ہے کیونکہ حدیث المسی فی صلاتہ کہ حدیث مشہور ہے دلالت کرتی ہے۔ اس پر کہ مدینہ میں بھی اس واقعہ تک حکم فاقرؤا ما تیسر من القرآن کا باقی تھا بلکہ مدنیت کے ثبوت کے ساتھ یہ بھی ثابت کرنا ضرور ہے کہ واقعہ مسی فی صلاتہ کے بعد آیت واذا قرئ القرآن فاستمعوا له نازل ہوئی۔ واتی لهم ذلک ششم اثبات نسخ کے لئے صرف اثبات تقدم و تاخر کافی نہیں ہے بلکہ تعارض بھی ثابت کرنا چاہئے اور ما نحن فیہ میں تعارض غیر مسلم ہے کیونکہ توفیق بین الآیتین اسطرح ہو سکتی ہے کہ آیت فاقرؤا میں تو مخاطب مومنین ہوں اور آیت وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهٗ میں مخاطب کفار ہوں۔ کما صرح بہ الرازی والنیسابوری وغیرہما اور نیز اس طرح کہ آیت فاقرؤا میں مراد قراءۃ فی الصلوۃ ہو اور اذا قری القرآن میں قراءۃ فی غیر الصلوۃ۔ وجہ چہارم وجوہ ابطال نسخ میں سے یہ ہے کہ خود صاحب مذہب یعنے امام اعظم رح اور اُن کے اصحاب رح سے منقول ہے کہ آیت واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا اس باب میں نازل ہوئی ہے کہ اصحاب رسول اللہ صلعم امام کے پیچھے جہر کے ساتھ قراءۃ کرتے تھے پس اگر اس آیت کا ناسخ ہونا تسلیم کیا جاوے تو اس سے نسخ جہر بالقراءۃ کا مقتدی کے حق میں ثابت ہوگا نہ نسخ مطلق قراءۃ کا۔ تفسیر کبیر میں ہے القول الثالث ان الاٰیۃ نزلت فی ترک الجہر بالقراءۃ وراء الامام قال ابن عباس قرء رسول اللہ صلعم فی الصلوۃ المکتوبۃ و قرء اصحابہ وراءہ رافعین اصواتہم فخلطوا علیہ فنزلت ہذہ الاٰیۃ وہو قول ابی حنیفۃ و اصحابہ (انتہے) وہکذا نقل شیخ زادہ فی حاشیۃ علی البیضاوی عن الامام الواحدی اور

تفسیر نیساپوری میں ہے۔ وقیل نزلت فی ترک الجہر بالقراءۃ وراء الامام لما روی عن ابن عباس ان رسول اللہ صلعم قرأ فی الصلوٰۃ المکتوبۃ وقرأ اصحابہ رافعین اصواتہم فخلطوا علیہ صلعم فنزلت (انتہے) اور تفسیر ابن جریر میں ہے حدثنی المثنی قال ثنا سوید قال اخبرنا ابن المبارک عن ابن لہیعۃ عن ابن ہبیرۃ عن ابن عباس انہ کان یقول فی ہذہ واذکر ربک فی نفسک تضرعا وخیفۃ ہذا فی المکتوبۃ واما ما کان من قصص او قراءۃ بعد ذلک فانما ہی نافلۃ ان نبی اللہ صلعم قرأ فی صلوٰۃ مکتوبۃ وقرأ اصحابہ وراءہ فخلطوا علیہ قال فنزل القرآن واذا قری القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون فہذا فی المکتوبۃ (انتہے) تفسیر در منثور میں ہے واخرج ابن مردویہ والبیہقی عن ابن عباس قال صلی النبی صلعم فقرأ قوم خلفہ فخلطوا علیہ فنزلت فہذا فی المکتوبۃ واخرج ابن مردویۃ عن ابن عباس فی قولہ واذا قری القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا قال نزلت فی رفع الاصوات خلف رسول اللہ صلعم فی الصلوٰۃ وفی الخطبۃ لانہا صلاۃ (انتہے) واخرج البخاری فی جزء القراءۃ عن عبد اللہ قال قال النبی صلعم لقوم کانوا یقرؤن القرآن فیجہرون بہ خلطتم علی القراءۃ وکنا نسلم فی الصلوٰۃ فقیل لنا ان فی الصلوٰۃ لشغلا (انتہے) واخرج الطحاوی عن ابن مسعود قال کانوا یقرؤن خلف رسول اللہ صلعم فقال خلطتم علی القرآن (انتہے) اور تفسیر در منثور میں ہے اخرج ابن جریر وابن ابی حاتم وابو الشیخ وابن مردویہ وابن عساکر عن ابی ہریرۃ فی قولہ واذا قری القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا قال نزلت فی رفع الاصوات وہم خلف رسول اللہ صلعم فی الصلوٰۃ (انتہے) اگر کہا جاوے کہ العبرۃ لعموم اللفظ لا لخصوص السبب پس عموم لفظ سے نسخ مطلق قراءۃ کا مقتدی کے حق میں ثابت ہوگا۔ پس اس کے جواب میں تحقیق وجہ دوم کی جاری کیجاوے گی۔ فتذکر وجہ پنجم کتب اصول حنفیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دونوں آیتیں ناسخ ومنسوخ نہیں ہیں وقد مر عبارۃ التلویح فتذکر اس عبارت سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ حنفیہ کے نزدیک آیۃ واذا قری القرآن ناسخ آیت فاقرؤا ما تیسر کی نہیں ہے ورنہ رجوع الی السنۃ کی کیا حاجت تھی

تنبیہ اس مقام پر علماء حنفیہ رحمہم اللہ تعالیٰ سے دو خطائیں ہوئی ہیں اول یہ کہ اس مقام پر سنت ضعیفہ کی طرف تو رجوع کی اور سُنن صحیحہ کثیرہ کو چھوڑ دیا جیسے حدیث عبادہ وانس وابو ہریرہ وعمرو بن العاصی رضی اللہ عنہم وغیرہا جن میں تصریح اس امر کی ہے کہ مقتدی کو امام کے پیچھے سورہ فاتحہ پڑھنا چاہیے کما سیأتی ذکرہا انشاء اللہ تعالیٰ بلکہ سنت متواترہ یعنی لا صلوٰۃ الا بقراءۃ ام القرآن کو چھوڑ دیا قال البخاری فی جزء القراءۃ وتواتر الخبر

نہیں نماز مگر ساتھ پڑھنے ام القرآن کے

عن رسول اللہ صلعم لا صلوٰۃ الا بقراءۃ ام القران اگر کہا جاوے کہ ہم نے سنت متواترہ کو چھوڑا نہیں بلکہ حدیث من کان لہ امام کو مخصص قرار دیا ہے (نہیں نماز صحیح مگر ساتھ پڑھنے ام القران کی) حدیث لا صلوٰۃ الا بقراءۃ ام القران کا تو جواب بچند وجوہ ہے۔ پہلی یہ کہ حدیث من کان لہ امام صلاحیت معارضہ کی نہیں رکھتی ہے کیونکہ نہایت ضعیف ہے ائمہ حدیث نے اس کے ضعف کی تصریح کی ہے اور کسی امام نے (اہل حدیث) اس کی صحت یا حسن کی تصریح نہیں کی بخلاف حدیث لا صلوٰۃ الا بقراءۃ ام القران کے کہ اعلےٰ درجہ کی صحیح ہے اخرجہ الائمۃ فی کتبہم بلکہ مشہور بلکہ متواتر ہے۔ دوسری یہ کہ جب حنفیہ نے من کان لہ امام کو باوجود شدت ضعف کے اعلےٰ درجہ کی صحیح حدیث یعنی لا صلوٰۃ الا بقراءۃ ام القرآن کا مخصص قرار دیا تو ہم کہتے ہیں کہ وہ احادیث جن میں یہ خبر ثنیہ مصرح ہے کہ مقتدی کو امام کے پیچھے سورہ فاتحہ پڑھنا چاہئے اور اُن کی بعض ائمہ نے تصحیح و تحسین بھی کی ہے اگر اُن کو ہم من کان لہ امام کا مخصص قرار دیں تو اصول حنفیہ کی بنا پر کیا محذور لازم آتا ہے اور جب حدیث من کان لہ امام عام مخصوص منہ البعض ہوئی تو اُس وقت اس میں اور حدیث لا صلوٰۃ الا بقراءۃ ام القرآن میں کچھ تعارض و تنافی نہ ہوئی پس من کان لہ امام کے مخصص بنانے کی کچھ ضرورت نہ رہی۔ تیسری یہ کہ یہ دونوں حدیثیں من وجہ خاص و من وجہ عام ہیں پس جیسا کہ حدیث من کان لہ امام مخصص ہو سکتی ہے اس کا عکس بھی ہو سکتا ہے یعنی حدیث لا صلوٰۃ الا بقراءۃ ام القران مخصص بالکسر ہو اور حدیث من کان لہ امام مخصص بالفتح فما وجہ الترجیح بلکہ یہ اولیٰ ہے کیونکہ اس تقدیر پر توفیق و جمع درمیان سب احادیث کے ہو جاتی ہے اور بر تقدیر مخصص کہنے من کان لہ امام کے اہمال اُن احادیث کثیرہ کا لازم آتا ہے جن میں تصریح اس امر کی ہے کہ مقتدی کو امام کے پیچھے سورہ فاتحہ پڑھنا چاہئے۔ اگر کہا جاوے کہ اہمال اُن احادیث کا اُس وقت لازم آئے گا کہ اُن احادیث کو مخصص من کان لہ امام کا نہیں ہم ان احادیث کو مخصص کہتے ہیں من کان لہ امام کا اور من کان لہ امام کو مخصص کہتے ہیں حدیث لا صلوٰۃ الا بقراءۃ ام القران کا تو جواب یہ ہے کہ اس وقت علماء حنفیہ کا مدعی بالکلیہ فوت ہو جائے گا اور مطلوب اہل حدیث ثابت اور تخصیص مرتین محض بیفائیدہ لازم آئیگی الحاصل حدیث من کان لہ امام کو مخصص حدیث لا صلوٰۃ الا بقراءۃ ام القران کا کہنا باطل محض ہے کیونکہ اس تقدیر پر ان احادیث کو جنمیں تصریح ہے کہ مقتدی کو امام کے پیچھے سورہ فاتحہ پڑھنا چاہئے مخصص من کان لہ امام کا کہوگے یا نہیں بر تقدیر ثانی اہمال

احادیث کثیرہ صحیحہ یا حسنہ کا لازم آتا ہے اور بر تقدیر اول تخصیص مرتین بلا فائدہ ہوئی اور مدعی بھی
حاصل نہوا بلکہ مدعی خصم بخوبی ثابت ہوگیا پس اب یہاں چار صورتیں باقی رہیں یا تو بوجہ اصح الصحیح
ہونے حدیث لاصلوۃ الابقراءۃ ام القرآن اور ضعیف ہونے حدیث من کان لہ امام کے اول کو
ثانی پر ترجیح دیجئے یا اول کو مخصص ثانی کا کہئے یا اُن احادیث کو جن میں تصریح ہے کہ مقتدی کو امام کے
پیچھے سورۂ فاتحہ پڑھنا چاہئے ثانی کا مخصص بنائیے یا حدیث لاصلوۃ وحدیث من کان لہ امام دونوں
کو متعارض سمجھ کر مانند آیتین کے ساقط کیجئے اور رجوع اُن احادیث کی طرف کیجئے جنمیں تصریح
مقتدی کے مسئلہ کی ہے اِن چاروں صورتوں میں مدعی اہل حدیث کلیۃً ثابت ہوتا ہے اور دعوی
علماء حنفیہ کا غیر ثابت اِس اشکال کا جواب علماء حنفیہ کے پاس مطلق نہیں ہے اور یہی تقریر بعینہٖ
حدیث واذا قرأ الامام فانصتوا میں جاری ہو سکتی ہے دوسری خطاء علماء حنفیہ کی یہ ہے
کہ اُنہوں نے خود وقت تعارض سنتین یہ قاعدہ لکھا ہے کہ قیاس کی طرف رجوع کرنا چاہئے
تلویح میں ہے ومثال المصیر الی القیاس عند تعارض السنتین ما روی النعمان
بن بشیر- اَنَّ النبی صلعم صلّٰی صَلٰوۃَ الْکُسُوْفِ کَمَا تُصَلُّوْنَ رَکْعَۃً وَسَجْدَتَیْنِ
وَمَا رَوَتْ عَائِشَۃ رض اَنَّہٗ عَلَیْہِ السَّلَامُ صَلّٰاھَا رَکْعَتَیْنِ بِاَرْبَعِ رُکُوْعَاتٍ وَاَرْبَعِ
سَجْدَاتٍ- تعارضا فصرنا الی القیاس علی سائر الصلوات (انتہی) مانحن فیہ میں
تعارض سنتین پایا جاتا ہے پس چاہئے کہ قیاس کی طرف رجوع کریں یعنی باقی ارکان تحریمہ رکوع
سجود وقیام جلوس اخیر پر قراءۃ کو قیاس کرلیں جس طرح کہ یہ سب ارکان مقتدی سے ساقط نہیں
ہوتے اِسی طرح قراءۃ بھی ساقط نہیں ہوتی ہے یا قراءۃ مقتدی کو قیاس کیا جاوے قراءۃ امام
ومنفرد پر یعنی جیسا کہ امام ومنفرد سے قراءۃ ساقط نہیں ہوتی ہے ایسا ہی مقتدی سے بھی ساقط
نہوگی وجہ ششم ابن الہمام نے فتح القدیر میں آیت فاقرؤا ما تیسر من القرآن کو عام مخصوص
منہ البعض اور حدیث من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ کو اُس کا مخصص قرار دیا ہے اور
چونکہ اُسپر موافق اصول حنفیہ کے یہ اعتراض وارد ہوتا تھا کہ حدیث ظنی ہے اور آیت قطعی اور
ظنی قطعی کا مخصص نہیں ہو سکتا ہے اس لئے یہ جواب دیا کہ پہلے اِس کی تخصیص اجماع کے ساتھ
ہو چکی ہے کہ وہ قطعی ہے اور عام مخصوص البعض ظنی ہوجاتا ہے تو اب تخصیص اُس کی حدیث
کے ساتھ درست ہوئی وقد ذکرت عبارتہ فیما تقدم عبارت منقولہ سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ آیت
فاقرؤا ما تیسر من القرآن منسوخ نہیں ہوئی ورنہ حدیث من کان لہ امام کو اُس کا مخصص ٹھیرائے

کی کیا ضرورت تھی اس مقام پر ایک بڑا اشکال حنفیہ پر وارد ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ جب آیت فاقرؤا
ماتیسر من القرآن ظنی ہوئی تو فرضیت قرأۃ کس طرح اس سے ثابت ہو سکتی ہے کیونکہ فرضیت
ظنی سے ثابت نہیں ہوتی ہے اس اشکال کا جواب مولوی عبدالحی صاحب مرحوم نے غیث الغمام
صفحہ ۱ میں بایں عبارت دیا ہے " ویدفع بان الظنی انما ہو العام المخصوص بالمخصص الاصطلاحی
وہو ان یکون کلاما مستقلا متصلا بالمخصوص منہ لا مطلق العام الذی خص منہ البعض لاسیما
اذا کان بدلیل منفصل (انتہی) میں کہتا ہوں کہ یہ جواب غیر صحیح ہے اس لئے کہ آیت فاقرؤا
ماتیسر بعد تخصیص بالاجماع کے قطعی رہی یا نہیں اگر قطعی رہی تو تخصیص قطعی کی ساتھ حدیث
من کان لہ امام کے کہ خبر واحد ہے کس طرح جایز ہوگی اور اگر ظنی ہوگئی تو فرضیت قرارۃ اس
آیت سے ثابت نہیں ہو سکتی بالجملہ حنفیہ کو احد الامرین سے چارہ نہیں یا تو یہ کہیں کہ قرأۃ نماز
میں فرض نہیں یا یہ کہیں کہ مقتدی پر بھی قرأۃ فرض ہے وہما باطلان عندہم ہفتم آیت واذا
قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا عام مخصوص منہ البعض ہے والا محذورات ثلثہ جنکا اوپر ذکر ہوا
لازم آئینگے اور عام مخصوص منہ البعض ظنی ہوتا ہے پس آیت مذکورہ ظنی ہوئی اور آیت فاقرؤا ماتیسر
من القرآن قطعی ہے اور ظنی قطعی کا ناسخ نہیں ہو سکتا ہے۔ ہشتم آیت واذا قرئ القرآن فاستمعوا
جب ظنی ہوئی تو حدیث لاصلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب اس کی مخصص ہو سکتی ہے اور آیت مذکورہ
بعد تخصیص بالحدیث کے معارض آیۃ فاقرؤا ماتیسر من القرآن کی باقی نہیں رہتی ہے کیونکہ مدلول
فاقرؤا ماتیسر من القرآن کا مقتدی کے حق میں وجوب مطلق قرارۃ ہے اور مدلول واذا قرئ القرآن
کا مقتدی کے حق میں اس تقدیر پر حرمت قرأۃ غیر فاتحۃ الکتاب ہے اور ان دونوں میں تنافی نہیں
ہے فکیف النسخ علاوہ اس کے آیۃ واذا قرئ القرآن اگر اس وقت ناسخ فاقرؤا ماتیسر کی ہوگی تو
بھی اس سے کوئی امر مخالف اہل حدیث کے ثابت نہوگا۔ وہذان الوجہان الاخیران قد ذکرا ضمنا
فیما تقدم وہا جریان بالاستقلال فلاجل ذلک ذکرناہما ہہنا یہ دلیل اول ہوئی فرضیت مطلق قرأۃ
کی اور یہ مبنی ہے اصول حنفیہ پر کما تقدم اس دلیل میں دو شبہہ ہیں اول یہ کہ دعوی مقید ہے
یعنی فرضیت قرأۃ نماز میں اور آیت سے فرضیت مطلق قرأۃ ثابت ہوتی ہے فاتم التقریب جواب
اس کا چند وجوہ سے ہے اول وہ جو علامہ ابن الہمام نے فتح القدیر میں لکھا ہے یعنی یہ کہ فرضیت قرأۃ
خارج نماز سے تو ثابت نہیں ہوتی ہے پس ضرور ہوا کہ افتراض فی الصلوۃ مراد لیا جائے۔ وفیہ
نظر دوم یہ کہ آیت جس حکم کی ناسخ ہے وہ قرأۃ طویلہ تھی جو قیام لیل میں بحالت قیام کیا تی تھی پس

پس یہ قرینہ قویہ ہے اس امر پر کہ مراد یہاں قرأۃ فی الصلوۃ ہے نہ مطلق قرأۃ۔ سیوم احادیث صحیحہ کثیرہ قولیہ مانند حدیث ابوہریرہ رضؓ ثم اقرأ ما تیسر معک من القرآن اخرجہ الائمۃ الستۃ قال الزیلعی وحدیث عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلعم قال لا صلوۃ
اور حدیث عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی بے شک فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں نماز صحیح
لمن لم یقرء بفاتحۃ الکتاب اخرجہ الائمۃ الستۃ ذکرہ الزیلعی وحدیث
اُس شخص کی کہ نہ پڑھے سورہ فاتحۃ الکتاب روایت کیا اس حدیث کو ائمہ ستہ نے۔ اور حدیث ابوہریرہؓ
ابی ھریرہ رضؓ ان رسول اللہ صلعم قال لا صلوۃ الا بقراءۃ اخرجہ مسلم
رضی اللہ عنہ کی تحقیق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز صحیح نہیں بے پڑھے قرآن کے روایت کیا
وابن الجارود وغیرھا من الاحادیث القولیۃ واحادیث صحیحہ کثیرہ
مسلم نے وابن جارود وغیرہ نے فعلیہ جن میں آنحضرت صلعم کے قرآن پڑھنے کا نماز میں عموماً
اور سورہ فاتحہ پڑھنے کا خصوصاً ذکر ہے یہ سب احادیث کہ جن میں بعض حد تواتر اور بعض حد
شہرت کو پہونچ گئی ہیں اور بعض احاد صحیحہ ہیں بقاعدہ اصول فقہ المطلق یحمل علی المقید آیت
فاقرؤا ما تیسر من القرآن کی مقید واقع ہوئی ہیں۔ چہارم یہ کہ آیت فاقرؤا ما تیسر من القرآن
مجمل ہے کیونکہ اس میں یہ بیان نہیں ہے کہ یہ قرأۃ نماز میں ہے یا خارج نماز سے اور احادیث
صحیحہ قولیہ وفعلیہ مذکورہ اس مجمل کا بیان واقع ہوئی ہیں وکل من ثلث الاجوبۃ الثلثۃ
عن مقال شبہ دوم یہ کہ یہ آیت تو دربارہ نسخ فرضیت قیام لیل نازل ہوئی ہے پھر اس کو
فرضیت قراءۃ فی الصلوۃ المکتوبۃ سے کیا علاقہ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے۔ تفسیر درمنثور میں
ہے واخرج احمد ومسلم وابوداؤد والنسائی ومحمد بن نصر فی کتاب الصلوۃ والبیہقی فی سننہ
عن سعد بن ہشام قال قلت لعائشۃ انبئنی عن قیام رسول اللہ صلعم قالت الست تقرأ ہذہ السورۃ
یا ایہا المزمل قلت بلی قالت فان اللہ قد افترض قیام اللیل فی اول ہذہ السورۃ فقام رسول اللہ
صلعم واصحابہ حولا حتی انتفخت اقدامہم وامسک اللہ خاتمتہا فی السماء اثنی عشر شہرا ثم انزل اللہ
التخفیف فی آخر ہذہ السورۃ فصار قیام اللیل تطوعا بعد فریضۃ واخرج ابن ابی شیبۃ وعبد بن
حمید وابن ابی حاتم ومحمد بن نصر والطبرانی والحاکم وصححہ والبیہقی فی سننہ عن ابن عباس قال
لما نزلت اول المزمل کانوا یقومون نحوا من قیامہم فی شہر رمضان حتی نزل آخرہا وکان بین
اولہا وآخرہا نحو من سنۃ (انتہی) اور نیز تفسیر درمنثور میں ہے واخرج عبد بن حمید وابن نصر

عن قتادة قال فرض قيام الليل في اول هذه السورة فقام اصحاب النبي صلعم حتى انتفخت اقدامهم و
امسك الله خاتمتها حولا ثم انزل التخفيف في آخرها فقال علم ان سيكون منكم مرضى الى قوله فاقرؤا
ما تيسر منه فنسخ ما كان قبلها فقال واقيموا الصلوة واتوا الزكوة فريضتان واجبتان ليس فيهما رخصة
واخرج عبد بن حميد عن الحسن قال لما نزلت على النبي صلعم يا ايها المزمل قم الليل الا قليلا قام رسول الله
صلعم وقام المسلمون معه حولا كاملا حتى تورمت اقدامهم فانزل الله بعد الحول ان ربك يعلم الى
قوله ما تيسر منه قال الحسن فالحمد لله الذي جعله تطوعا بعد فريضة ولا بد من قيام الليل واخرج ابن
ابي حاتم والطبراني وابن مردويه عن ابن عباس عن النبي صلعم فاقرؤا ما تيسر منه قال مائة آية
(انتهى) اور تفسیر ابن کثیر میں ہے علم ان لن تحصوه اي الفرض الذي اوجبه عليكم فاقرؤا ما تيسر
من القرآن اي من غير تحديد بوقت اي ولكن قوموا من الليل ما تيسر وعبر عن الصلوة بالقراءة۔
(انتهى) اور تفسیر فتح البیان میں ہے۔ فاقرؤا ما تيسر من القرآن بيان للبدل الذي وقع النسخ
اليه اي فنسخ التقدير بالاجزاء الثلثة الى جزء مطلق من الليل وسياتي ان هذا الجزء نسخ ايضا
بوجوب الصلوات الخمس والمعنى فاقرؤا في الصلوة بالليل ما خف عليكم وتيسر لكم منه من غير ان
ترقبوا وقتا قاله القرطبي درجه وقيل المعنى فصلوا ما تيسر لكم من صلاة الليل والصلوة تسمى قرانا كقوله
وقران الفجر (انتهى) اور تفسیر نیسابوری میں ہے فاقرؤا ما تيسر من القرآن الاكثرون على ان القراءة
ههنا عبارة عن الصلوة كما يعبر عنها بالقيام والركوع والسجود والمعنى فصلوا ما تيسر عليكم بالليل
فيكون هذا ناسخا للاول ثم انهما نسخا جميعا بالصلوة الخمس او نسخ هذا وحده بهن وعن بعضهم
انها القراءة حقيقة (انتهى) اور تفسیر بیضاوی اور شیخزادہ میں ہے فاقرؤا ما تيسر من القرآن فصلوا
ما تيسر عليكم من صلاة الليل عبر عن الصلوة بالقراءة كما عبر عنها بسائر اركانها قيل كان التهجد
واجبا على التخيير المذكور فعسر عليهم القيام به فنسخ ثم نسخ هذا بالصلوات الخمس او فاقرؤا القرآن بعينه كيفما تيسر
عليكم وقيل قوله تعالى فاقرؤا ما تيسر ايجاب للقراءة في صلوة الليل لا ايجاب نفس الصلوة في الليل
وقيل انه لايجاب القراءة في كل صلاة (انتهى) میں کہتا ہوں کہ باوجود ان احتمالات کثیرہ کے آیت
کس طرح دلیل قطعی فرضیت قراءۃ کی ہو سکتی ہے پس حق یہ ہے کہ فرضیت قراءۃ آیت سے
ثابت نہیں ہے بلکہ اُن احادیث سے جن کا ذکر ابھی آتا ہے انشاء اللہ تعالیٰ۔ دلیل دوم فرضیت
مطلق قراءۃ کی نماز میں حدیث ابوہریرہ رضی ہے اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلعم دَخَلَ الْمَسْجِدَ
بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں

فدخل رجل فصلی فسلم علی النبی صلعم فرد فقال ارجع فصل فانک لم تصل

تشریف لائے پھر داخل ہوا ایک آدمی پس نماز پڑھی پھر سلام کیا اوپر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پس سلام کا جواب دیا

فرجع فصلی کما صلی ثم جاء فسلم علی النبی صلعم فقال ارجع فصل فانک لم

پس فرمایا آپ نے پلٹ جا تو پھر نماز پڑھ تو پھر جا کے دوبارہ نماز پڑھی جیسے نماز پہلے پڑھی تھی پھر آیا سلام کیا نبی صلعم پر فرمایا آپ نے

تصل ثلاثا فقال والذی بعثک بالحق ما احسن غیرہ فعلمنی فقال اذا قمت

پلٹ تو پھر نماز پڑھ تو پس تحقیق تو نے نماز نہیں پڑھی - کہا قسم ہے اس ذات پاک کی کہ بھیجا آپکو ساتھ حق کے اسکے سوا مجھے اور

الی الصلوۃ فکبر ثم اقرأ ما تیسر معک من القرآن ثم ارکع حتی تطمئن راکعا ثم

کچھ اچھی طرح نہیں آتا فرمایا جب تو کھڑا ہو نماز کیلئے پھر تکبیر کہہ پھر پڑھ تو جو آسان ہو ساتھ تیرے قرآن سے پھر رکوع کر تو یہاں تک

ارفع حتی تعتدل قائما ثم اسجد حتی تطمئن ساجدا ثم ارفع حتی تطمئن جالسا

کہ خوب اطمینان ہو رکوع میں پھر کھڑا ہو تو اچھی طرح پھر سجدہ کر تو تسکین سے پھر اٹھ تو سجدہ سے تسکین سے بیٹھ تو اور

وافعل ذالک فی صلاتک کلہا (انتہی) } اخرجہ الائمۃ الستۃ وذکرہ الزیلعی بلفظ اذا قمت الی الصلوۃ

کر تو اسکو اپنی نماز سب میں - } فکبر ثم اقرأ ما تیسر معک من القرآن عام ہم منفرد

و امام و مقتدی سب کو شامل علما حنفیہ کے پاس اس کے مقابلہ میں کوئی دلیل نہیں ہے یعنی کوئی

حدیث صحیح جسکو آئمہ ستہ نے روایت کیا ہو اور دال ہو اس پر کہ مقتدی قراۃ نکرے اس حدیث

کی ناسخ آیت واذا قری القرآن نہیں ہو سکتی - ہے کیونکہ سورۂ اعراف بالاتفاق مکی ہے اور واقعہ

حدیث ابو ہریرۃ رضی واقعہ مدینہ کا ہے کیونکہ یہ شخص آنیوالا خلاد بن رافع رضی ہے فتح الباری میں ہے و ہذا

الرجل ہو خلاد بن رافع جد علی بن یحیی راوی الخبر بینہ ابن ابی شیبۃ عن عباد بن العوام عن

محمد بن عمرو عن علی بن یحیی عن رفاعۃ ان خلادا دخل المسجد (انتہی) اور خلاد بن رافع انصاری ہے

علاوہ اس کے راوی حدیث - ابو ہریرہ کا اسلام و قدوم نبی صلعم پر لیالی فتح خیبر میں واقع ہوا

ہے ذہبی تذکرۃ الحفاظ میں لکھتے ہیں قدم ابو ہریرۃ مہاجرا لیالی فتح خیبر مرقاۃ میں ہے اسلم عام

خیبر و شہد ما مع النبی صلعم اور دوسرے راوی اس کے رفاعۃ بن رافع ہیں وہ بدری

ہیں اور یہ واقعہ مسجد نبوی کا ہے اگر کہا جاوے کہ اس سے فرضیت قراۃ کیونکر ثابت ہو سکتی

ہے کیونکہ فرض کے لئے دلیل قطعی چاہئے اور یہ خبر احاد ہے اور خبر احاد ظنی ہوتی تو جواب یہ

ہے کہ فرض کے لئے دلیل قطعی کا ضرور ہونا باطل محض ہے کوئی دلیل اسپر ادلہ شرع سے قایم

نہیں ہے فتح القدیر میں ہے واعلم ان ما ثبت فیہ شافعون کرینہ افاتم علی معنی الوجوب عندنا فانہم

لا یقولون بوجوبها قطعا بل ظنا غیر انہم لا یخصون الفرضیۃ والرکنیۃ بالقطعی فلہم ان یقولوا بموجب الوجہ المذکور انا وان جوزنا الزیادۃ بخبر الواحد لکنہا لیست بلازمۃ ہٰہنا فانا قلنا برکنیتہا وافتراضہا بالمعنی الذی سیعتقدہ وجوبا فلا زیادۃ وانما محل الخلاف فی التحقیق ان ما ترکہ مفسد وہو الرکن لا یکون الا بقاطع فقالوا لا لان الصلوۃ مجمل مشکل فکل خبر بین فیہا امرا ولم یقم دلیل علی ان مقتضاہ لیس من نفس الحقیقۃ یوجب الرکنیۃ وقلنا بل یلزم فی کل ما اصلہ قطعی وذلک لان العبادۃ لیست سوی جملۃ الارکان فاذا کانت قطعیۃ یلزم فی کل الارکان قطعیتہا لانہا لیست الا ایاہا مع الآخر بخلاف ما اصلہ ظنی فان ثبوت ارکانہ التی ہو ہو یکون بظنی بلا اشکال (انتہی) یہاں سے معلوم ہوا کہ دلیل علماء حنفیہ کی اس باب میں یہی ہے کہ عبادت کی اصل قطعی ہے پس اُس کے سب ارکان کا قطعی ہونا چاہئیے اس لئے کہ عبادت نہیں ہے مگر مجموعہ ارکان کا پس اگر بعض اجزاء اُس کے ظنی ہوں یعنی دلیل ظنی سے ثابت ہوں تو اصل عبادت کا ظنی ہونا لازم آئے گا لان ظنیۃ الجزء تستلزم ظنیۃ الکل میں کہتا ہوں کہ یہ دلیل اوہن من نسج العنکبوت ہے بچند وجوہ اوّل یہ کہ اصل عبادت قطعی ہے اس سے کیا مراد ہے اگر یہ مراد ہے کہ اصل عبادت اجمالا قطعی ہے تو مسلم ہے لیکن اس کے لئے سب اجزاء وارکان کا قطعی ہونا ضرور نہیں ہے اور اگر مراد یہ ہے کہ اصل عبادۃ تفصیلا قطعی ہے تو یہ غیر مسلم ہے دوم خود علماء حنفیہ نے بعض ارکان عبادت کو دلیل ظنی سے ثابت کیا ہے اُن میں سے مسح ربع راس وضو میں کہ اس کو حدیث ناصیہ سے ثابت کیا ہے حالانکہ مسح ربع راس علماء حنفیہ کے نزدیک وضو کا رکن و فرض ہے اور چونکہ دلیل اس کی ظنی ہے اسی لئے شافعیہ و مالکیہ جو اس کے منکر ہیں کافر نہیں کہا جاتا ہے اور ایسا ہی غسل رجلین وضو میں اہل السنۃ والجماعت کے نزدیک فرض ہے مگر بسبب ظنی ہونے دلیل کے اس کے منکر کی تکفیر نہیں کیجاتی ہے اور وضو میں غسل یدین و رجلین کے ساتھ مرفقین و کعبین کا ہونا جمہور حنفیہ وغیرہم کے نزدیک فرض ہے مگر بسبب ظنی ہونے دلیل کے اس کے منکر کی تکفیر نہیں کیجاتی ہے اور قاعدہ اخیرہ نماز میں حنفیہ کے نزدیک فرض ہے اور دلیل اس کی ظنی ہے بلکہ اس کا تو مرفوع ہونا بھی ثابت نہیں ہوتا ہے فضلا عن ان یکون قطعیا اور ایسا ہی خروج بصنعہ صلوۃ وتر وغیرہا کو علماء حنفیہ فرض کہتے ہیں کما ہو مصرح فی الدر المختار وحواشیہ وغیرہا من الکتب الفقہیۃ سوم سب احادیث آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت اور اُن صحابہ رض کی نسبت جنھوں نے وہ احادیث آنحضرت

صلعم سے بلا واسطہ سُنیں قطعی تھیں اور دوسرے اہل اسلام کی نسبت وہ احادیث بسبب اخبار
احاد ہونے کے ظنی ہوگئیں اب ہم پوچھتے ہیں کہ ان احادیث سے اگر ایک چیز کی فرضیت ورکنیت
ثابت ہوجاوے تو وہ چیز ضرور آنحضرت صلعم وصحابہ مذکورین رضہ کی نسبت فرض ورکن ہوگی
اب دوسروں کی نسبت فرض ورکن ہے یا نہیں بر تقدیر ثانی یہ استحالہ لازم آتا ہے کہ ایک حکم
شرعی بغیر آنے ناسخ کے منسوخ ہوجاوے اور بر تقدیر اول یہ استحالہ لازم آتا ہے کہ فرض و
رکن دلیل ظنی سے ثابت ہو وہو خلاف ما قلتم جہارم فرض دو قسم ہے ایک فرض قطعی اور اسی کا
نام فرض علمی و فرض اعتقادی بھی ہے اور دوسرا فرض عملی اور اسی کا نام فرض غیر قطعی او ظنی
بھی ہے اور قسم دوم واسطہ ہے درمیان فرض قطعی اور اوس واجب کے جو عمل میں فرض
عملی سے دون ہے اور سنت سے فوق اور اس قسم کو کبھی فرض کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں اور
کبھی واجب کے ساتھ اور عملی قسم کا منکر کافر ہے نہ دوسری قسم کا ان دونوں قسموں کے ثبوت
کے لئے عبارت رد المختار کافی ہے باب الوتر میں ہے واعلم ان الفرض نوعان فرض علما
وعملا و فرض عملا فقط فالاول کالصلوت الخمس فانہا فرض من جہۃ العمل لا یحل ترکہا و یفوت الجواز
بفوتہا بمعنی انہ لو ترک واحدۃ منہا لا یصح فعل ما بعدہا قبل قضاء المتروکۃ و فرض من جہۃ العلم
والاعتقاد بمعنی انہ یفترض علیہ اعتقادہا حتی یکفر بانکارہا والثانی کالوتر فانہ فرض عملا کما ذکرناہ
ولیس بفرض علما ای لا یفترض اعتقادہ حتی انہ لا یکفر منکرہ لظنیۃ دلیلہ و شبہۃ الاختلاف فیہ
ولذا یسمی واجبا و نظیرہ مسح الراس فان الدلیل القطعی افاد اصل المسح وما کونہ قدر الربع فانہ ظنی
لکنہ قام عند المجتہد ما رجح دلیلہ الظنی حتی صار قریبا من القطعی فسماہ فرضا ای عملیا بمعنی انہ
یلزم عملہ حتی لو ترکہ و مسح شعرۃ مثلا یفوت الجواز و لیس فرضا علما حتی انہ لو انکرہ لا یکفر بخلاف مالو
انکر اصل المسح (انتہی) اور جو علماء کہ اخبار احاد سے فرضیت مطلق قراءۃ اور ایسا ہی فرضیت
فاتحہ ثابت کرتے ہیں مراد اُن کی فرض سے فرض عملی ہے فتح القدیر میں ہے واعلم ان الشافعیۃ
یثبتون رکنیۃ الفاتحۃ علی معنی الوجوب عندنا فانہم لا یقولون بوجوبہا قطعا بل ظنا دلیل سیوم
فرضیت مطلق قراءۃ کی حدیث ابوہریرہ رضہ ان رسول اللہ صلعم قال لا صلوۃ الا بقراءۃ اخرجہ
مسلم و ابن ماجہ رو د یہاں لفظ صلاۃ نکرہ ہے تحت میں نفی کے واقع ہوا ہے اس لئے فائدہ
عموم کا دے گا یعنی کوئی نماز خواہ منفرد کی ہو یا امام کی یا مقتدی کی بغیر قراءۃ کے نہیں ہوتی ہے
پس اس حدیث سے فرضیت مطلق قراءۃ کی ثابت ہوئی دلیل چہارم حدیث رفاعہ بن رافع رضہ

ہے قال کنت جالساً عند النبی صلعم بہذا وقال کبر ثم اقرأ ماتیسر من القرآن ثم کبر ثم ارکع اخرجہ البخاری فی جزء القرأۃ وابوداؤد والنسائی والترمذی والدارمی وابن الجارود اس حدیث کے بعض طرق میں یہ لفظ ہے ابدأ فکبر وتحمد اللہ وتقرء ام القرآن ثم ترکع اور بعض میں ثم اقرأ ہے بدون ماتیسر من القرآن کے اور بعض طرق میں یہ لفظ ہے ویقرأ بما شاء من القرآن اور بعض میں یہ لفظ ثم یقرأ من القرآن ما اذن لہ فیہ وتیسر اور بعض میں ہے ثم اقرأ بام القرآن وبما شاء اللہ ان تقرأ اور بعض میں ہے ثم اقرأ ماتیسر علیک من القرآن اور بعض میں ہے فان کان معک قرآن فاقرأ بہ والا فاحمد اللہ عزوجل وکبرہ وہللہ اور بعض میں یہ لفظ ہے انہ لاتتم صلاۃ لاحد من الناس اور یہ لفظ منفرد وامام ومقتدی سب کو شامل ہے۔ دلیل پنجم حدیث ابوالدرداء رض ہے یقول سئل رسول اللہ صلعم افی کل صلاۃ قرأۃ قال نعم قال رجل من الانصار وجبت ہذہ اخرجہ النسائی وابن ماجہ والدارقطنی والبخاری فی جزء القرأۃ دلیل ششم احادیث ذیل ہیں عن ابی حمید الساعدی رض قال فی عشرۃ من اصحاب النبی صلعم انا اعلمکم بصلاۃ رسول اللہ صلعم قالوا فاعرض قال کان النبی صلعم اذا قام الی الصلوۃ رفع یدیہ حتی یحاذی بہما منکبیہ ثم یکبر ثم یقرأ الحدیث وفیہ ثم یصنع فی الاخری مثل ذلک وایضاً فیہ ثم یصنع ذلک فی بقیۃ صلاتہ اخرجہ ابوداؤد والدارمی والترمذی وابن ماجہ وعن جابر بن سمرۃ قال شکا اہل الکوفۃ سعدا الی عمر رض فعزلہ واستعمل علیہم عمارا فشکوا حتی ذکروا انہ لایحسن یصلی فارسل الیہ فقال یا ابا اسحق ان ہولاء یزعمون انک لاتحسن تصلی قال اما انا واللہ فانی کنت اصلی صلاۃ رسول اللہ صلعم ما اخرم عنہا اصلی صلاۃ العشاء فارکد فی الاولیین واخفف فی الاخریین الحدیث فتح الباری میں اس حدیث کے تحت میں ہے قال ابن بطال وجہ دخول حدیث سعد فی ہذا الباب انہ لما قال ارکد واخف اعلم انہ لایترک القراءۃ فی شئ من صلاتہ وقد قال انہا مثل صلوۃ رسول اللہ صلعم (انتہی) وفی روایۃ اخری قال قال سعد کنت اصلی بہم صلاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلاتی العشی لا اخرم عنہا کنت ارکد فی الاولیین واحذف فی الاخریین (انتہی) وعن ابی معمر قال سالنا خبابا اکان النبی صلعم یقرأ فی الظہر والعصر قال نعم قلنا بای شئ کنتم تعرفون ذلک کان باضطراب لحیتہ وعن ابن عباس رضی اللہ عنہما انہ قال ان ام الفضل سمعتہ وہو یقرأ والمرسلات عرفا فقالت واللہ یا بنی لقد ذکرتنی بقرأتک ہذہ السورۃ انہا لآخر ما سمعت من رسول اللہ صلعم یقرأ بہا فی المغرب وعن جبیر بن مطعم قال سمعت النبی صلعم قرأ فی المغرب بالطور وعن البراء قال سمعت النبی صلعم یقرأ والتین والزیتون فی العشاء وعن ابی برزۃ

... كان النبي صلعم يصلي الصبح ويعرف الرجل فيعرف جليسه وكان يقرأ في الركعتين او احدهما
ما بين الستين الى المائة وعن ابي قتادة ان النبي صلعم كان يقرأ في الظهر في الاوليين بام الكتاب
وسورتين وفي الركعتين الاخريين بام الكتاب ويسمعنا الآية ويطول في الركعة الاولى ما لا يطيل في
الركعة الثانية وهكذا في العصر وهكذا في الصبح اخرج تلك الاحاديث الشيخان اور جزء القراءة میں
ہے حدثنا محمود قال ثنا البخاري قال ثنا ابان بن يزيد وهمام بن يحيى وجرير بن حازم عن يحيى بن ابي
كثير عن عبد الله بن ابي قتادة عن ابيه قال كان رسول الله صلعم يقرأ في الظهر والعصر في الركعتين
الاوليين بفاتحة الكتاب وسورة وفي الاخريين بام الكتاب وكان يسمعنا الآية حدثنا محمود قال ثنا البخاري
قال ثنا موسى قال حدثنا همام بهذا (انتهى) اور جزء القراءة میں ہے وقال ابو قتادة كان النبي صلعم
يقرأ في الاربع كلها ان سب روایات سے آنحضرت صلعم کی مواظبت قراۃ پر ثابت ہوتی ہے علاوہ اسکے
اس مدعی کے اثبات پر اور بھی احادیث دلالت کرتی ہیں ترکتہا خوفا للاطناب وقال النبي صلعم صلوا
كما رأيتموني اصلي پس بمقتضائے اس حدیث کے احادیث مذکورہ اقیموا الصلوۃ کا بیان واقع ہوئی
ہیں اور کوئی دلیل عدم فرضیت قراۃ پر قایم نہیں ہے پس قراۃ فرض ہوئی اگر کہا جاوے کہ اس
دلیل سے توضم سورۃ بھی غیر اخریین میں فرض ہوا جاتا ہے کیونکہ غیر اخریین میں مواظبت ضم
سورۃ کی ثابت ہے تو جواب یہ ہے کہ یہاں دلیل عدم فرضیت پر قایم ہے کیونکہ عبادۃ بن الصامت
سے روایت ہے ان النبي صلعم قال ام القرآن عوض عن غيرها وليس غيرها منها بعوض اخرجه
